**22.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..................کلیم احمد

**Music**

---------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ انڈیا AI امپیکٹ سمٹ، مستقبل میں مصنوعی ذہانت کی قوت کو بروئے کار لانے میں دنیا کیلئے ایک اہم موڑ بن گیا ہے۔

☆ آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں وزیر اعظم نے چاول کی پیداوار میں بھارت کے، دنیا کا سب سے بڑے ملک بننے کے تناظر میں کسانوں کی محنت کیلئے اُن کی ستائش کی۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے اترپردیش میں میرٹھ میٹرو اور نمو-بھارت ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ جناب مودی نے میرٹھ میں ہی تقریباً 13 ہزار کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز بھی کیا۔

☆ افغانستان میں پاکستان کے فضائی حملوں میں 17 عام شہری مارے گئے ہیں۔

☆ اور ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں آج شام احمدآباد میں سُپر-Eight مرحلے میں بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔

---------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM - Mann ki Baat**

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بات پر فخر کا اظہار کیا ہے کہ انڈیا AI امپیکٹ سمٹ، اِس تعلق سے ایک اہم موڑ ثابت ہوا ہے کہ دنیا کس طرح مستقبل میں AI کی قوت کو بروئے کار لائے گی۔ آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ کئی ملکوں کے لیڈر، صنعتی رہنما، اختراع کار اور اسٹارٹ اپ شعبے سے وابستہ افراد AI امپیکٹ سمٹ کیلئے نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں یکجا ہوئے۔ جناب مودی نے کہا کہ انہیں عالمی رہنماؤں اور ٹیکنالوجی سے وابستہ CEOs سے ملاقات کرنے کا موقع ملا۔ جناب مودی نے بتایا کہ انہوں نے AI سمٹ نمائش میں عالمی رہنماؤں کو کئی طرح کی چیزیں دکھائیں۔

**SB - MKB Exhibition**

وزیر اعظم نے کہا کہ اِس سمٹ میں دنیا کو AI کے شعبے میں بھارت کی شاندار صلاحیت کا مشاہدہ کرنے کا موقع ملا۔ اِس موقعے پر بھارت نے ملک میں ہی بنائے گئے تین AI Models کا آغاز بھی کیا۔ جناب مودی نے اِس سمٹ کو اب تک کا سب سے بڑا AI سمٹ قرار دے کر اِس کی ستائش کی اور اِس کی کامیابی پر سبھی لوگوں کو مبارکباد دی۔

**SB - PM on AI Summit**

من کی بات کے اِس نشریے میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کیرالہ کی ایک کمسن بچی آلن شیرین ابراہم کا تذکرہ کیا، جو صرف دس مہینے کی عمر میں اِس دنیا سے چلی گئی۔ انہوں نے آلن کے والد ارون ابراہم اور والدہ شیرین کی ستائش کی، جنھوں نے آلن کے اعضا عطیے میں دینے کا فیصلہ کیا۔

جناب مودی نے کہا کہ اِن دنوں بھارت میں اعضا کو عطیے میں دینے کے تعلق سے بیداری میں لگاتار اضافہ ہورہا ہے۔

کُل راشٹرپتی بھون میں راجا جی اتسو منائے جانے کا تذکرہ کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اِس موقع پر راشٹرپتی بھون کے مرکزی احاطے میں سی راج گوپالا چاری کے مجسمے کی نقاب کشائی کی جائے گی، جو آزاد بھارت کے پہلے بھارتی گورنر جنرل تھے۔ راشٹرپتی بھون میں برطانوی معمار **Edwin Lutyens** کا مجسمہ بھی نصب ہے۔ وزیر اعظم نے اعلان کیا کہ اب اِس مجسمے کی جگہ راجا جی کا مجسمہ لگایا جائے گا۔ **24** فروری سے پہلی مارچ تک راجا جی اتسو کے دوران، سی راج گوپالا چاری پر مبنی ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔

ڈیجیٹل **Arrest** کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ من کی بات میں اِس معاملے پر اظہار خیال کرنے کے بعد سے ڈیجیٹل **Arrest** اور ڈیجیٹل **Fraud** کے تعلق سے معاشرے میں کافی بیداری پیدا ہوئی ہے۔ البتہ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اِس طرح کے واقعات اب بھی ہورہے ہیں۔ انہوں نے اِسے ناقابل معافی قرار دیا۔

**SB - MKB Digital Arrest**

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت آج دنیا کا چاول کی پیداوار والا سب سے بڑا ملک بن چکا ہے اور **15** کروڑ ٹن سے زیادہ چاول کی پیداوار کوئی معمولی حصولیابی نہیں ہے۔ جناب مودی نے کسانوں کی سخت محنت کیلئے اُن کی ستائش کی۔

وزیر اعظم نے اِس مہینے کی **24** تاریخ کو تمل ناڈو کی سابق وزیر اعلیٰ جے للتا کے یوم پیدائش سے قبل انہیں یاد کیا۔

**Exam Warriors** کے موضوع پر بات کرتے ہوئے وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ طلبا بغیر کسی تناؤ کے پورے دل سے امتحان کی تیاری کررہے ہوں گے۔ جناب مودی نے اُن سے یہ بات پھر کہی کہ اُن کی اہمیت اُن کی مارک شیٹ سے طے نہیں ہوتی۔ وزیر اعظم نے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ طلبا اپنے امتحانات میں کامیاب ہوں گے اور اپنی زندگی میں کامیابی کی نئی بلندیوں پر پہنچیں گے۔ جناب مودی نے رمضان کے ماہ مبارک کے موقع پر سبھی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور آنے والے ہولی کے تہوار کے تناظر میں لوگوں کو مبارکباد دی۔×

**PM - Meerut**

وزیر اعظم نریندر مودی نے میرٹھ میں شتابدی نگر نمو-بھارت اسٹیشن پر میرٹھ میٹرو اور نمو-بھارت ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

جناب مودی میٹرو ٹرین میں سوار ہوکر میرٹھ ساؤتھ اسٹیشن تک گئے۔

وزیر اعظم میرٹھ میں ہی تقریباً **12** ہزار **930** کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کررہے ہیں اور انہیں ملک کے نام وقف کررہے ہیں۔

وزیراعظم اِس وقت تقریب سے خطاب کررہے ہیں۔

**LIVE**

**ECI - National Conference**

انتخابی کمیشن، منگل کو نئی دلّی میں چناؤ کمیشن اور ریاستوں کے انتخابی کمشنروں کی قومی گول میز کانفرنس کا اہتمام کرے گا۔ ایک بیان میں کمیشن نے کہا ہے کہ اعلیٰ چناؤ کمشنر گیانیش کمار اِس کانفرنس کی صدارت کریں گے۔

اِس کانفرنس میں ریاستوں کے انتخابی کمشنروں کے ساتھ ساتھ اُن کے قانونی اور تکنیکی امور کے ماہرین نیز سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اعلیٰ چناوٴ افسر بھی شرکت کریں گے۔
کمیشن نے بتایا ہے کہ دن بھر کی اِس کانفرنس میں چناوٴ عمل کو مستحکم بنانے کے ساتھ ساتھ ٹیکنالوجی دستیاب کرانے، الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں اور ووٹر فہرستوں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔×

## Assam BJP

آسام کانگریس کے سابق سربراہ بھوپین کمار Borah آج گوہاٹی میں بھارتیہ جنتا پارٹی میں شامل ہوگئے ہیں۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ ہیمنتا بسوا سرما اور BJP کے ریاستی صدر دلیپ Saikia بھی موجود تھے۔ آسام کے ایک آزمودہ کار سیاست داں Borah، حال ہی میں کانگریس سے استعفیٰ دینے سے پہلے، تین دہائیوں سے بھی زیادہ عرصے تک، انڈین نیشنل کانگریس سے وابستہ رہے تھے۔×

## Pak - Afghan Attack

پاکستان-افغانستان سرحدی خطے کے نزدیک پاکستان کی فضائی فوج نے سویلین رہائشی علاقوں کو نشانہ بناتے ہوئے فضائی حملے کیے، جس میں 17 افغان شہریوں کی موت ہوگئی، جبکہ دس سے زیادہ افراد زخمی ہوئے۔ ایک بیان میں افغان سرکار کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے بتایا کہ پاکستان کی فضائی فوج نے کل رات ننگرہار اور Paktika صوبوں میں عام شہریوں پر بمباری کی، جس میں خواتین اور بچوں سمیت کئی افراد ہلاک اور زخمی ہوگئے۔
اُدھر پاکستان کے وزیر اطلاعات عطااللہ تارڑ نے اِس حملے کی تصدیق کی ہے۔ رمضان کا مہینہ شروع ہونے کے بعد سے تین حملے ہوچکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے سرحدی خطے میں 7 دہشت گرد کیمپوں اور پاکستانی طالبان اور اُس کے ذیلی گروپوں کے چھپنے کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔×

## Pakistan - Terrorism

بیرون ملک آباد افغان افراد کے نیٹ ورک کی ایک رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ پاکستان کی فوج، حماس اور مسلم برادرہڈ جیسے گروپوں کو اپنی سرگرمیاں چلانے کیلئے مدد فراہم کررہی ہے، تاکہ لشکر طیبہ اور جیشِ محمد جیسی مقامی دہشت گرد تنظیموں کی مدد کی جاسکے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اِس طرح کی سانٹھ گانٹھ سے جنوبی ایشیا اور مغربی ایشیا کے خطوں میں صورتحال بگڑنے کا خطرہ بڑھ گیا ہے، جہاں پہلے ہی انتشار کی کیفیت ہے۔×

## Balochistan = Disappearances

بلوچ نیشنل موومینٹ کے انسانی حقوق سے متعلق محکمے نے کہا ہے کہ بلوچستان صوبے میں پاکستانی فورسز نے ایک ہی کنبے کے کم از کم 11 افراد کو جبراً حراست میں لے لیا اور اِس کے بعد سے اُن کا کچھ اتہ پتہ نہیں ہے۔ صوبے میں اِس طرح کے واقعات بڑھتے جارہے ہیں۔ ایک بیان میں مذکورہ گروپ نے الزام لگایا ہے کہ پاکسان کے سکیورٹی اہلکاروں نے Khuzdar ضلعے کے Gazgi علاقے اور Hub ضلعے میں بھی دھاوا بول کر اِن لوگوں کو حراست میں لیا اور انہیں نامعلوم مقام پر لے جایا گیا۔
مذکورہ گروپ نے حکام پر زور دیا ہے کہ وہ اِس بات کا انکشاف کریں کہ نظربند کیے گئے افراد کو کہاں رکھا گیا ہے۔ ساتھ ہی

انہیں یا تو عدالت میں پیش کیا جائے یا بلا تاخیر رہا کیا جائے۔×

## Bafta Awards 2026

2026 کی BAFTA فلم ایوارڈس تقریب، آج رات لندن میں رائل فیسٹول ہال میں منعقد ہوگی۔ یہ تقریب BAFTA کے یوٹیوب چینل پر نشر کی جائے گی۔
فلم "One Battle after Another" نے 14 نامزدگیوں کے ساتھ سبقت حاصل کر رکھی ہے۔ اس کے بعد فلم "SINNERS" کو 13 نامزدگیاں اور فلم "HAMNET" اور "MARTY SUPREME" کو گیارہ-گیارہ نامزدگیاں حاصل ہوئی ہیں۔
اس دوران، ایک بھارتی فلم "BOONG" کو بچوں اور خاندان سے متعلق بہترین فلموں کے زمرے میں نامزد کیا گیا ہے۔ منی پوری زبان میں بنی اس فلم کی ہدایت کار لکشمی پریا دیوی ہیں، جبکہ رتیش سدھوانی اور فرحان اختر اس کے فلم ساز ہیں۔×

## Cricket T20 WC

ICC ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں بھارت آج احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ کے خلاف میچ کے ساتھ اپنی سُپر-Eight مہم کا آغاز کرے گا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔
سُپر-Eight مرحلے میں گروپ-ایک میں بھارت، زمبابوے، ویسٹ انڈیز اور جنوبی افریقہ شامل ہیں، جبکہ گروپ-دو پاکستان، سری لنکا، انگلینڈ اور نیو زیلینڈ پر مشتمل ہے۔
ہر ٹیم اپنے گروپ میں تین میچ کھیلے گی۔ ہر گروپ سے چوٹی کی دو ٹیمیں سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کریں گی۔ سبھی ٹیمیں زیرو پوائنٹس کے ساتھ سُپر-Eight مرحلے کا آغاز کریں گی اور اِس میں پہلے کے مرحلے کا رَن اوسط شامل نہیں ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆